پریس ریلیز

گیسٹر وانٹرالوجی انٹرنیشنل کانفرنس: ینگ ڈاکٹرز کیلئے جنرل ہسپتال میں تربیتی ورکشاپ کا آغاز

پہلے روزاینڈوسکوپی کے 40 مفت پروسیجر ہوئے ، 200سے زائد غیر ملکی ڈاکٹرز کی شرکت

زیرتربیت ڈاکٹرز کیلئے جدید تحقیق کی روشنی میں جگر،معدہ وآنت کی بیماریوں کے براہ راست آپریشنز

پروفیسر غیاث النبی طیب اور چیف آرگنائزر پروفیسر اسرارالحق طور کے ینگ ڈاکٹرز کیلئے خصوصی لیکچرز

لاہور22فروری:......جنرل ہسپتال لاہور میں 5روزہ گیسٹر وانٹرالوجی انٹرنیشنل کانفرنس کا آغاز ہوگیا اوراس سلسلے میں نوجوان ڈاکٹرز کی آگاہی کے لئے تربیتی اینڈوسکوپی ورکشاپ منعقد کی گئی اور پہلے روز 40سے زائد مریضوں کے مفت اینڈوسکوپی پروسیجر کیے گئے جبکہ اس ورکشاپ میں 200سے زائد ملکی وغیرملکی ڈاکٹرز شریک ہوئے۔طبی ماہرین نے زیرتربیت ڈاکٹرز کی آگاہی کے لئے جدید تحقیق کی روشنی میں جگر،معدہ اور آنت کی بیماریوں کے آپریشنز براہ راست کرکے دکھائے جس سے شرکاءکوان آپریشنز کی پیچیدگیوں اورطریقہ کار کے بارے میں خاطرخواہ آگاہی ہوئی۔

پروفیسر ڈاکٹر غیاث النبی طیب اور عالمی کانفرنس کے چیف آرگنائزر پروفیسر ڈاکٹر اسرارالحق طور نے اپنے خصوصی خطاب میں اس انٹرنیشنل نفرنس کے انعقاد کو پاکستان کے لئے خوش آئند قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ ان نامساعد حالات میں انٹرنیشنل کانفرنس منعقد ہونے اور اس میں کثیر تعداد میں غیر ملکی ڈاکٹرز کی شرکت ہمارے ملک پر عالمی برادری کے اعتماد کا ثبوت ہے کیونکہ گیسٹر وانٹرالوجی کانفرنس سے نوجوان ڈاکٹرز اپنا میڈیکل نالج اپ ڈیٹ اور پیشہ وارانہ مہارت حاصل کرنے میں کامیاب ہوں گے جس سے اُن کے مستقبل اورمریضوں کی جلد صحت یابی کے لئے دورس نتائج مرتب ہوں گے۔پروفیسر اسرارالحق طور نے کہا اس عالمی کانفرنس سے ینگ ڈاکٹرز کو ترقی یافتہ مما لک کے سینئر ڈاکٹرز کے تجربہ سے سیکھنے کے بیش قیمت مواقع حاصل ہوں گے اور یہ لاہور جنرل ہسپتال کے لئے اعزاز کی بات ہے کہ اپنی روائیت برقرار رکھتے ہوئے ینگ ڈاکٹرز کو جدید تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور دنیا بھر میں میڈیکل کے شعبے میں ہونے والی ترقی سے آگاہ رکھا جارہا ہے۔یہ امر قابل ذکر ہے کہ گیسٹر انٹرالوجی انٹرنیشنل کانفرنس (آج) جمعرات کو بھی مختلف لیکچرز اور دیگر سرگرمیوں کے علاوہ ینگ ڈاکٹرز کے لئے 40لائیو آپریشنز کیے جائیں گے۔سینئر پروفیسرز اور غیرملکی مندوبین بھی شرکاءکو لیکچرز دیں گے۔

☆☆☆☆

جنرل ہسپتال میں گیسٹرو انٹرالوجی انٹرنیشنل کانفرنس، تربیتی اینڈوسکوپی ورکشاپ میں ینگ ڈاکٹرز
کیلئے لائیو آپریشن کیے جا رہے ہیں